# اے ملکہِ دو جہاں۔۔۔ ہمارے واسطے دُعا کر!

ہم کیتھولک مسیحیوں کے نزدیک مقدسہ ماں مریم کی عقیدت اور تعظیم بے حد واجب ہے۔ کیونکہ وہ ہمارے نجات دہندہ کی ماں ہے۔کلیسیا مقدسہ ماں سے اپنی عقیدت کا اظہار مختلف طریقوں سے کرتی ہے۔ مثال کے طور پر ماں مریم کی تاجپوشی کر کے، ڈوپٹے پہنا کر، موم بتیاں جلا کر اور عیدیں منا کر۔ پاک ماں کیتھولک کلیسیا بھی ہمیں مقدسہ ماں مریم سے گہری وابستگی کا نمونہ دیتی ہے۔ ہم اکتوبر کے بابرکت مہینہ میں روزری کی عبادت کرتے ہیں نیز کلیسیا بھی ہماری رہنمائی کرتی ہے کہ ہم روزری کے وِرد سے خُداوند یسوع مسیح کی زندگی کو اُس کی ماں کی نظر سے دیکھیں اور اُس سے ہمیشہ اپنی محبت کا اظہار کریں کیونکہ وہ ماں اپنے بچوں کی التجاؤں کو سُنتی ہے۔ تاریخِ دُنیا کی ابتدا ہی سے ریاست کا نظام چلانے کیلئے بادشاہ ہوتے تھے۔ بادشاہ کے ساتھ ساتھ ملکہ کا کردار بھی بے حد اہم تھا۔ بائیبل مقدس کی تاریخ اِس بات کی شہادت دیتی ہے۔ پرانے عہد نامے کے مطابق شاہی خاندان میں بادشاہ کی بہت سی بیویاں ہوتی تھیں مگر سب سے باعزت اور اہم خاتون بادشاہ کی ماں ہی ہوتی تھی اور ملکہ ہونے کا حق بھی ماں کو ہی ہوتا تھا۔ وہ اکثر بادشاہ کے دربار میں اُس کے دہنی طرف بیٹھا کرتی تھی۔ ''اور بتشابع سلیمان بادشاہ کے پاس گئی۔ تاکہ اِدونیاہ کے بارے میں اُس سے بات کرے۔ تو بادشاہ اُس کے استقبال کو اُٹھا۔ اور اُسے سجدہ کیا۔ تب وہ اپنے تخت پر بیٹھا۔ اور بادشاہ کی ماں کے واسطے تخت لگایا گیا۔ اس لئے وہ اُس کے دہنی طرف بیٹھی'' (1 ملوک 19:2)۔ عہد عتیق میں ملکہ شفاعت کرنے میں اہم کردار ادا کرتی تھی ''اور بولی کہ میں تجھ سے ایک چھوٹی سی درخواست کرتی ہوں۔ مجھ سے انکار نہ کر۔ بادشاہ نے اُس سے کہا اے میری ماں۔ بات کر۔ کیونکہ میں تجھے انکار نہ کروں گا''۔ (1 ملوک 20:2)

نئے عہد نامے میں مقدسہ مریم ہی ملکہِ دو جہاں ہے۔ وہ نئے عہد کی ملکہ ہے۔ وہ بُرج داؤد ہے۔ وہ نئے عہد کا صندوق ہے۔

خدا نے مقدسہ مریم کو اپنے بیٹے کی ماں ہونے کیلئے چُنا۔خدا نے اپنے فرشتے کو مقدسہ مریم کے پاس بھیجا جس نے مقدسہ مریم سے کہا ’’اور دیکھ تُو حاملہ ہوگی۔اور تیرے بیٹا ہوگا۔اور تُو اُس کا نام یسوع رکھے گی۔وہ بڑا ہوگا اور حق تعالیٰ کا بیٹا کہلائے گا۔اور خداوند خدا اُسکے باپ داؤد کا تخت اُسے دے گا‘‘۔(لوقا 1:31-32) یہ وہی عہد پورا ہوتا ہے کہ داؤد کی بادشاہت کا کبھی آخر نہیں ہوگا۔خداوند یسوع مسیح بادشاہوں کا بادشاہ ہے اس لئے مقدسہ مریم ملکہ ہے۔وہ ملکۂ دو جہاں ہے۔دنیا میں ایک وہی ہستی ہے جس کے پاؤں تلے چاند اور سر پر بارہ ستاروں کا تاج ہے۔جو سورج کو اُوڑھے ہوئے ہے۔وہی آسمان اور زمین کی ملکہ ہے۔یہ فضل صرف اور صرف اُسی کو حاصل ہوا ہے کہ وہ بادشاہوں کے بادشاہ کی ماں بنے۔

مقدسہ مریم ہماری ماں ہے وہ ہر وقت ہماری فکر کرتی ہے اور اُسی کی سفارشوں کی بدولت ہم خدا سے برکات پاتے ہیں۔جب ہم پاک روزری پڑھتے ہوئے ماں سے التجا کرتے ہیں تو وہ اپنے بیٹے سے ہماری سفارش کرتی ہے جس طرح اُس نے قانائے جلیل کی شادی میں اپنے بیٹے سے سفارش کی اور اُن کی پریشانی دُور ہوئی۔کیونکہ یسوع کبھی اپنی ماں کو انکار نہیں کرتا۔

آئیں اس پُرفضل مہینہ میں روزری پڑھتے ہوئے مقدسہ ماں سے سفارش طلب کریں تاکہ ہمارے خاندانوں اور معاشرے میں امن، صلح وسلامتی اور خوشحالی آئے۔ہماری مشکلات آسان ہوں۔خدا کرے پاک روزری ہمیں فضل بخشے تاکہ ہم ملکۂ دو جہاں کی عزت وتعظیم کرتے رہیں۔